(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِيِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب ...... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف ...... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم ...... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام ...... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر ...... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ ...... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ ...... =/200 روپے

سورج کی یہ صورت حال ہے تو یہ سورج جس نظام شمسی (جسے منظومہ کہا جاتا ہے) میں موجود ہے اس کے متعلق تیرا کیا خیال ہے؟ پھر یہ کہکشاں کہ نظام شمسی جن کی ایک جز ہے کے بارے میں آپ کا کیا گمان ہے؟ بالآخر اس گول آسمان کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے؟؟ آسمان اپنی برقراری، پائیداری اور وجود کے لحاظ سے اور اسی طرح فعالیت و حرکت کے اعتبار سے خدا کی عظمت پر دلیل ہے۔ اور اس جہت سے کہ اس کے مقابلے اور ضد میں کوئی ایسا وجود نہیں ہے، جو تمام کرات کے درمیان ناہماہنگی اور فساد کا موجب بنے، اور اس لحاظ سے کہ ان کرات اور نظام شمسی کا اتنا زیادہ نور ہے کہ کبھی ختم نہیں ہوتا، اور فرشتوں کی کثرت کے لحاظ سے جو آسمان میں موجود ہیں۔ اس بارے میں پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا ہے۔

"آسمان میں ہر طرف سے آوازیں آتی ہیں اور آسمان اس لائق ہے کہ اس میں اس طرح کی آوازیں ہوں۔ آسمان میں کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جہاں قدم رکھا جائے تو وہاں پر کوئی فرشتہ رکوع یا سجدے کی حالت میں موجود نہ ہو"

اور پھر اوپر والے کرات کا آسمان کے نیچے والے کرات پر اثر انداز ہونے کے لحاظ سے اور خاص کر ان کی سرعت حرکت اور مخصوص ہم سے قریبی کرات کی سرعت حرکت کے لحاظ سے وہیں یہ سب چیزیں خدا کی عظمت پر دلیل ہیں۔

کیونکہ کہا گیا ہے کہ کرات سماوی ہر سیکنڈ میں ایک ہزار سات سو تیس فرسخ یا دو ہزار چار سو فرسخ کی رفتار میں اپنے مدار میں حرکت کرتے ہیں۔ خدا بہتر جانتا ہے اپنی مخلوق کے بارے میں اور اس کی حرکت کے متعلق، پھر ہمیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ خدا کی معرفت سے صرف یہ مقصود ہے کہ ہم اس کے وجود کو ثابت کریں اور اس کی ہستی کو اس کے وجود کے ساتھ قائم کیے جائیں، اور یہی بات کہ اس کی ذات کی کیفیت اور صفات کی حقیقت تک رسائی، تو یہ ایک محال کام ہے۔

مطلب کی وضاحت: کسی چیز کو تین طریقوں سے جانا جا سکتا ہے۔

(1) اس کے مشاہدہ کے ساتھ اور اس کے پہچاننے والے کے قوت تک حاضر ہونے کے